مریض کے لئے لیف لیٹ

یونائٹیڈ کنڈم یعنی یو کے میں بحیثتِ مہمان/سیاح، آپ کو NHS کے سیکنڈری کئیر علاج کے لئے ادائیگی کرنی ہو گی۔ یہ کسی بھی قومیت پر لاگو ہو گی خواہ آپ کے پاس NHS نمبر ہو یا آپ جی پی سے رجسٹرڈ ہوں یہاں تک کہ آپ پہلے یوکے کے رہائشی یا ٹیکس ادا کرنے والے رہ چکے ہوں۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ کسی بھی علاج کو شروع کرنے سے پہلے آپ دستاویزی ثبوت پیش کریں کہ کیا آپ اس علاج کو کروانے کے حق دار ہیں۔ یہ دستایزی ثبوت مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک ہوسکتا ہے:

i. آپ نے امیگریشن ہیلتھ سرچارج ادا کئے ہوں اور آپ کے پاس علاج کروانے کی پوری مدت کے لئے قانونی ویزہ ہو ۔
ii. آپ کے پاس باضابطہ قانونی طور پر یوکے میں نہ رہنے والوں کا یعنی نان-یوکے یورپئین ہیلتھ انشورنس کارڈEuropean Health Insurance Card ، S1 یا S2 فارم ہو ۔
iii. آپ ایسے کسی قسم کے زمرے میں آتے ہوں جو باقاعدہ طور پر طے شدہ ہو؛ یا،
iv. آپ کے پاس مناسب ہیلتھ/ سفری انشورنس موجود ہو جو آپ کی صحت کی ضروریات کو پورا کر سکتی ہو۔

اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ مہمان یا سیاح نہیں ہیں اور آپ یہاں ایک عام رہائشی ہیں تو اس کے لئے بھی آپ کو دستایزی ثبوت پیش کرنا ہو گا۔

آپ کے دستاویزی ثبوت کو اس لحاظ سے دیکھا جائے گا کہ اس سے آپ NHS فنڈڈ سیکنڈری کئیر ٹریٹمنٹ یعنی ہسپتال میں علاج کے حق دار ہیں یا نہیں۔ اگر آپ نے NHS فنڈڈ سیکنڈری کئیر ٹریٹمنٹ NHS funded secondary care treatment کو کلیم کرنے کے لئے اطمینان بخش دستاویزی ثبوت فراہم نہیں کئے ، تو جو بھی علاج آپ حاصل کر رہے ہیں اُس کے لئے آپ کو ادائیگی کرنی ہوگی۔

EEA ملکوں سے سے آنے والے مہمان/سیاح

اگر آپ یورپئین اکنامک ایریا European Economic Area (EEA) سے بحیثتِ مہمان، سیاح یا طالب علم آئے ہیں اور آپ کو علاج کی ضرورت ہے تو آپ کو ہیلتھ کئیر کی ادائیگی نہ کرنے کے لئے صحیح نان-یوکے یورپئین ہیلتھ انشورنس کارڈ European Health Insurance Card (EHIC) دیکھاناہو گا۔ EHIC کارڈ آپ کے قیام کے دوران تمام ضروری علاج کی ضروریات کو پورا کرتا ہے تاہم آپ یہ بات یاد رکھیں یوکے کا ہیلتھ کئیر سسٹم آپ کے ملک سے مختلف ہو سکتا ہے ، لہذا یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کا EHIC کارڈ اُن تمام مراعات پر پورا اُترتا ہو جو آپ اپنے ملک میں فری حاصل کرتے ہیں۔ آپ کو اس بات سے بھی با خبر رہنا چاہئیے کہEHIC کارڈ ہیلتھ انشورنس اور پرائیوٹ میڈیکل ہیلتھ انشورنس کا متبادل نہیں ہے اور نا ہی واپس آپ کے ملک بھیجنے کا انتظام یا ذاتی ملکیت کی چیزیں چوری یا گم ہو جانا اس میں شامل ہے۔ پہلے سے پلان کیا گیا کوئی بھی علاج EHIC کارڈ کا حصہ نہیں ہے اور خواہ آپ کے پاس جائز دستاویز یعنی (S2فارم)ہو ، آپ کو علاج کے لئے ادائیگی کرنی پڑے گی۔

آپ کی اہلیت کی جانچ کس طرح کی جائے گی

یو کے میں تمام NHS فنڈڈ سیکنڈری کئیر ٹریٹمنٹ NHS funded secondary care treatment فراہم کرنے والے، سب مریضوں کی NHS کے علاج کی ادائیگی کی اہلیت کو چیک کرتے ہیں۔ اس کی جانچ میں دیکھا جائے گا کہ کیا آپ یوکے میں رہنے والے عام رہائشی ہیں یا آپ اُن افراد کے زمرے میں آتے ہیں جنہیں ادائیگی کی چھوٹ ہے۔ تاہم آپ کو فنڈڈ سیکنڈری کئیر ٹریٹمنٹ NHS funded secondary care treatment کے لئے ثبوت کے طور پر دستاویز تیار رکھنے چاہئیں جس کے لئے مندرجہ ذیل دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جا سکتی ہیں:

I. کم از کم ایک فوٹو والی شناخت (پاسپورٹ/ نیشنلID کارڈ/ یوکے بائیو میٹرک ریذڈنٹ پرمٹ UK Biometric Residence Permit / ڈرائیونگ لائسنس) ؛ اور
II. کم از کم ایک ثبوت کہ آپ کہاں رہتے ہیں (یوٹیلٹی یا کونسل ٹیکس بل؛ بینک یا بلڈنگ سوسائٹی اسٹیٹمنٹ یا کرایہ داری کا معاہدہ)

اگرچہ، اگر آپ جی پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور NHS پرائمری کئیر سروسسز حاصل کر رہے ہیں تو اس مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ ہسپتال کے لئے فنڈڈ سیکنڈری کئیر ٹریٹمنٹ NHS funded secondary care treatment کے بھی حق دار ہیں یہاں تک کہ اگر آپ کو جی پی بھی آپ کو اس کے لئے ریفر کرے۔

اگر یو کے میں آپ وقتی طور پر 6 ماہ سے زیادہ کے لئے مقیم ہیں، اور آپ نے ویزہ کی درخواست کے وقت امیگریشن ہیلتھ سر چارجیز Immigration Health Surcharge بھی ادا کئے تھے تو آپ جتنے دن بھی یو کے میں جائز طور پر مقیم رہیں گے اُس وقت تک مفت NHS سے علاج حاصل کر سکتے ہیں ، سوائے اسسٹڈ کنسپشن سروس assisted conception services **(**بچے کی پیدائش اور حمل سے متعلق علاج، آپریشن وغیرہ**)** کے اور وہ چارجیز جو رہائشی ادا کرتے ہیں جیسے کہ انگلینڈ میں دوائیوں کے نسخے۔

اگر آپ یوکے کے رہائشی نہیں ہیں لیکن آپ کو ادائیگی کی چھوٹ ہے، مثال کے طور پر اگر آپ کا تعلق ایسے ملک سے ہے جس کا آپس میں یوکے سے ہیلتھ کئیر کا معاہدہ ہے جیسے کہ آسٹریلیا، تو اِس کے لئے بھی آپ کو ثبوت فراہم کرنا ہو گا۔

سب کے لئے مفت سروسسز

NHS کی طرف سے کچھ سروسسز یا علاج تمام لوگوں کے لئے مفت ہیں، جس میں شامل ہیں:

- ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی سروسسز **(** اگر آپ ہسپتال میں داخل کر لئے گئے ہیں تو یہ ایمرجنسی علاج کے زمرے میں شامل نہیں ہو گا **)**۔
- فیملی پلاننگ سروسسز یعنی خاندانی منصوبہ بندی **(** اس میں حمل کا ضائع ہونا شامل نہیں ہے**)**۔
- تشخیص، اور اگر نتجہ مثبت ہو تو بہت سی انفیکشن بیماریوں کا علاج جس میں جنسی عمل سے منتقل ہونے والے انفیکشنز بھی شامل ہیں **;(STIs)** ؛
- جسمانی اور ذہنی حالت جو کسی قسم کے تشدد یا تکلیف پہنچانے سے واقع ہوئی ہو ، عورت کے اعضاء تناسل **(**عورتوں کے سامنے کی نازک جگہ**)** کا زخمی ہونا، گھریلو لڑائی جھگڑا یا جنسی تشدد سے متعلق علاج **(** یہ بات اُس وقت لاگو نہیں ہو گی اگر آپ یو کے صرف اسی مقصد سےعلاج کروانے آئے ہوں**)**۔

کچھ قسم کے مریض جو مخصوص قسم کے تشدد یا زیادتی کا شکار ہوتے ہیں، اس ادائیگی سے مستثنیٰ ہیں(جسمانی اور ذہنی تشدد ، عورت کے اعضاء تناسل (عورتوں کے سامنے کی نازک جگہ) کا زخمی ہونا، گھریلو لڑائی جھگڑا یا جنسی تشدد)۔ اِن رعایتوں یا چھوٹ کی مکمل لسٹ گورنمنٹ یو کے پیج Gov.UK page پر حاصل کی جاسکتی ہے

https://www.gov.uk/government/publications/guidance-on-overseas-visitors-hospital-charging-regulations/summary-of-changes-made-to-the-way-the-nhs-charges-overseas-visitors-for-nhs-hospital-care

فوری ضرورت کے مطابق علاج یا بچے کی پیدائش سے متعلق سروس:

اگر ڈاکٹر نے سمجھا کہ آپ کی ضرورت فور ی نوعیت کی ہے ، اُسے روکا نہیں جا سکتا اور بغیر کسی تاخیر کے اس کا علاج کیا جانا چاہئیے، تاہم ایسی صورت میں اگر آپ کو ادائیگی کی رعایت یا چھوٹ حاصل نہیں ہے تو آپ کو اس کے لئے ادائیگی کرنی ہو گی۔ اگر آپ نے علاج سے پہلے ادائیگی نہیں کی تو علاج کی بعد آپ کو ادائیگی کرنی ہو گی۔

زچہ و بچہ سے متعلق تمام سروسسز.... اس میں بچے کی پیدائش سے پہلے باقاعدگی سے ہونے والے معائنے شامل ہیں .... اس حوالے سے ضرورت کے مطابق فوری سروس : اگر آپ کو زچہ و بچہ سے متعلق سروسسز کی ضرورت ہے، تو یہ آپ کو فراہم جائیں گی البتہ اس کے بعد آپ بقایاجات کی ادائیگی کرنی ہو گی سوائے اس کے کہ آپ کو ادائیگی کی چھوٹ یا رعایت حاصل ہو۔

علاج کے لئے ادائیگی

اگر آپ کو علاج کے لئے ادائیگی کرنی پڑی ، تو آپ کو انوئس یعنی اخراجات کی لسٹ موصول ہو گی اور ہسپتال کی پورے اخراجات ادا کرنے ہوں گے۔ اس انوئس میں علاج کی نوعیت کے مطابق اندازے سے تخمینہ لگایا جاتا ہے۔ تاہم اگر حتمی علاج پر آنے والی لاگت، اندازے کی لاگت سے مختلف ہوئی تو آپ اپنے ذمہ واجب رقم کی ادائیگی کریں گے یا علاج پر لگنے والے اضافی چارجیز آپ سے وصول کئے جائیں گے۔

آپ کو یہ بات نوٹ کر لینی چاہئیے کہ جہاں بھی آپ کو NHS کئیر فراہم کی جاتی ہے وہاں آپ کو پیشگی ادائیگی کرنی ہوتی ہے (مثال کے طور پر ڈاکٹر نے جانچ کے بعد فیصلہ کیا کہ یہ بہت ضروری یافوری نوعیت کا کیس ہے تو اس میں یہ مناسب نہیں ہے پیشگی ادائیگی کی وصولی کا انتظار کیا جائے)لہذا بعد میں آپ کو پھر بھی اس کی ادائیگی کرنی ہو گی۔

آپ ادائیگی کی لئے کریٹ/ڈیبیٹ credit/debit کارڈ، بینک ٹرانسفر، نقد یا کریٹ/ڈیبیٹ کے ذریعے ادائیگی کر سکتے ہیں۔

علاج کے لئے ادائیگی نہ کرنا

آپ نے جو علاج کروایا ہے اگر اُس علاج کے رقم کی ادائیگی کرنے میں آپ ناکام رہے تو اُس کا مطلب یہ ہو گا کہ مستقبل میں آپ کو ویزہ نہیں ملے گا۔ ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ سفر کے وقت آپ کے پاس مناسب ہیلتھ انشورنس ہو جو آپ کے قیام کے دوران ناگہانی بیماری کے صورت میں آپ کے کام آ سکے۔ اگر آپ کو رقم کی ادائیگی میں کسی مشکل کا سامنا ہے تو آپ کو چاہئیے کہ اس بارے میں اپنے ہسپتال سے بات کریں۔

Overseas Visitors Manager
Southside
James Paget University Hospital NHS Foundation Trust
Lowestoft Road
Gorleston
Great Yarmouth
Norfolk
NR31 6LA

E mail: overseas.visitors@jpaget.nhs.uk